© rasailojaraid.com

ان لوگوں کا قریب سے مطالعہ کیا ہے اور ساتھ ہی اس موضوع پر انگریزی میں جو چند کتابیں لکھی گئی ہیں ان سے بھی استفادہ کیا ہے۔ اس بنا پر یہ کہ کالے مسلمان کون ہیں؟ ان کی کتنی قسمیں ہیں؟ ان میں کیا کیا تحریکیں پیدا ہوئیں؟ ان تحریکوں کے بانی کون تھے؟ ان کا مقصد پروگرام اور ان کی تنظیمات کیا ہیں؟ ان کے عقائد، عوائد رسمیہ اور ان کے معاشرتی اداب کیا ہیں؟ یہ کتاب ان سب امور پر روشنی ڈالتی ہے۔ زبان صاف ستھری اور موثر خانہ ہے۔

فضائل علم ومناقب علماء : مرتبہ مولانا صدر الدین عامر انصاری ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ۔

پتہ۔ ادارہ، باب العلوم منزل منزل بستی حضرت نظام الدین اولیا۔ نئی دہلی ۱۳

اسلام میں علم کی جو اہمیت ہے اور جس طرح بار بار حصول علم کی تاکید اور اسی نسبت سے علماء کے فضائل ومناقب کا بیان ہے وہ غالباً اس شد و مد کے ساتھ کسی مذہب میں نہیں ہے۔ عربی میں اس موضوع پر مستقل کتابیں لکھی ہیں اور ان کے علاوہ قرآن و حدیث میں بھی یہ ارشادات بکھرے ہوئے ہیں۔ لائق مرتب نے ان سب ماخذ سے عموماً اور شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ العالی کی تحریروں سے خصوصاً استفادہ کر کے یہ کتاب بڑے سلیقہ سے مرتب کی ہے۔

پہلا باب قرآنی آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے بعد کے ابواب میں عنوانِ باب کی مناسبت سے ایک یا دو حدیثیں نقل کرتے ہیں۔ پھر ان کا ترجمہ اور اس کے بعد اس کی تشریح، اس ضمن میں حضرت شیخ الحدیث کے جستہ جستہ واقعات بھی بیان ہوتے گئے ہیں۔ زبان شگفتہ اور انداز بیان موثر و دلنشین ہے۔ ارباب ذوق کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ لیکن علم اور علماء سے متعلق ابھی اور چند اہم موضوعات ہیں مثلاً علماء سو اور علما ئے خیر! ان کے باہمی امتیازات، علما کے اوصاف، اور ان کے لئے شرائط و اداب، وغیرہ! امید ہے کہ کتاب کے دوسرے حصہ میں ان مسائل پر گفتگو ہوگی! البتہ ہمارے نزدیک یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ جس علم کے

© rasailojaraid.com